Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 1 Tarjmatul Quran Chapter 15 Short Questions Test

Q1. سورۃ البقرہ میں کن برائیوں کی سخت مذمت بیان کی گئی ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ میں جن برائیوں کی سخت مذمت بیان کی گئی ہے ان میں سے ایک سود ہے. سورۃ البقرہ میں سود کو اللہ تعالی اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ قرار دیا گیا ہے. سود ایک ایسی معاشرتی برائی ہے جس کی وجہ سے معاشرہ غربت، سستی، فضول ٔخرچی اور تنگ دلی کا شکار ہوجاتاہے . سود کی وجہ سے امیر اور غریب کے درمیان فرق بڑھتا ہی چلا جاتا ہے. سود ادا کرنے والے مجبور لوگ کئی بار خود کشی جیسا بڑا گناہ کر بیٹھتے ہیں-

---

Q2. سورہ ایتہ الکرسی کی کتنی ایت ہیں

Ans 1: ایتہ الکرسی قرآن مجید کیبہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے. سورہ البقرہ کی آیت نمبر دو سو پچپن ایتہ الکرسی ہے.

Q3. سورۃ التوبہ کو سورۃ البراءۃ کیوں کہا جاتاہے.

Ans 1: سورۃ البرءۃ اس لیے کہا جاتا ہے کہ براءت کےمعنی کسی سے بری، بے زار، قطع تعلق اور دست بردار ہونا ہے. اس سورت کے شروع ہی میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے بری الزمہ ہونے کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین مشرکین سے بے نیاز اور قطع تعلق ہیں-

---

Q4. ایتہ الکرسی کی فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: ایتہ الکرسی کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیتہ الکرسی پڑھتا ہے اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت ہی روکے رکھتی ہے. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین ہے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر جانے لگو تو آیتہ الکرس پڑھ لیا کرو، صبح تک اللہ تعالی کی طرف سے تمھارے لیے ایک محافظ مقرر رہے گا اور شیطان تمھارے قریب نہیں آسکے گا. آیتہ الکری میں اللہ تعالی کی وحدانیت یعنی اس کے یکتا ہونے کو بیان کیا گیا ہے- اس آیت میں اللہ تعالی کی قدرت اور صفات کا بھی بیان ہے.

Q5. غزوہ تبوک میں مسلمانوں کا مقابلہ کس سے تھا؟

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے اعلان جہاد فرمایا . صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حکم دیا کہ ملک شام جاکر قیصر روم کی افواج سے مقابلہ کیا غزوہ تبوک میں حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اگر یہ اقدام نہ فرماتے تو اسے اسلام اور مسلمانوں کی کمزوری سمجھا جاتا- منافقین نے مسلمانوں کو بددل کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن وہ اپنے اس مذموم ارادے مین کامیاب نہ ہوسکے.

Q6. سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سے سورت ہے.

Ans 1: سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب سے اعتبار سے آٹھویں سورت ہے-

---

Q7. غزوہ بدر کب اور کہاں پیش آیا؟

Ans 1: سورۃ الانفال دو ہجری لگ بھگ مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد نازل ہوئی- اس کے اکثر مضامین غزوہ بدر، اس کے واقعات اور مسائل سے متعلق ہیں- یہ جنگ اسلام اور کفر کے درمیان پہلے باقاعدہ معرکے کی حیثیت رکھتی ہے. جس میں اللہ تعالی نے مسلمانوں کو فتح مبین عطا فرمائی اور قریش مکہ کو زلت آمیز شکست سے دو چار کیا.

Q8. سورۃ البقرہ میں بنی اسرائیل کا تذکرہ کس طورپر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ البقرہ کی آیات سرسٹھ تا تہتر میں اس گائے کا واقعہ مذکور ہے جسے زبح کرنے کا حکم بنی اسرائیل کو دیا گیاتھا- اس لیے اس سورت کا نام سورہ البقرہ ہے- کیوں کہ بقرہ عربی زبان میں گائے کو کہتےہیں- اس واقعہ میں بہت سی حکمتیں ہیں جن میں سے ایک اہم بات یہ ہے کہ اللہ تعالی انسانوں کے مرجانے کے بعد انھیں دوبارہ زندہ کرنے پر مکمل قدرت رکھتا ہے.

Q9. قرآن مجید ترتیب کے لحاظ سے سورہ بقرہ کی سورت .

Ans 1: سورہ البقرہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے دوسری اور سب سے طویل سورت ہے.

Q10. لفظ کے معنی تحریر کریں- یومنون- رزقنھیم- انزل- سواء- لایومنون- غشاوۃ- القیوم - نوم

Ans 1: یومنون- وہ ایمان رکھتے ہیں- رزقنھم- ہم نے انہیں رزق عطا کیا- انزل- نازل فرمایا گیا- سواء- برابر ہے - لا یومنون- وہ ایمان نہیں لائیں گے غشاوہ- پردہ القیوم - سب کو قائم رکھنے والا- نوم - نیند